اُسوۂ حسنہ صلی اللہ علیہ وسلم

۱۔ خدا کی محبت کا اہل بننے کی تمام مذاہب نے ایک ہی تدبیر بتائی ہے:
(الف) خدا تعالیٰ کی عبادت کرنا (ب) خدمت خلق اور عبادت کرنا
(ج) اس مذہب کے بانی کی عمدہ نصیحتوں پر عمل کرنا (د) سنتِ رسولؐ کی پیروی کرنا
(ج)

۲۔ خدا کی محبت اور اس کے پیار کا مستحق بننے کے لیے اسلام نے:
(الف) اللہ تعالیٰ کے احکام سامنے رکھ دیے (ب) انبیا کی زندگی کے نمونے پیش کیے
(ج) خلفا کی سیرت کے نمونے بتا دیے (د) اپنے پیغمبرؐ کا عملی مجسمہ سامنے رکھ دیا
(د)

۳۔ سنت کے لغوی معنی ہیں:
(الف) راستہ (ب) حضورؐ کا قول
(ج) حضورؐ کا فعل (د) حدیث
(الف)

۴۔ ایک مسلمان کی کامیابی اور تکمیلِ روحانی کے لیے جو چیز ہے:
(الف) کتاب وسنت (ب) سنتِ رسولؐ
(ج) قرآن مجید (د) نیک عمل
(ب)

۵۔ اس دنیا کی بنیاد کس پر ہے؟
(الف) نیک اعمال پر (ب) خدمتِ خلق پر
(ج) کتاب وسنت پر (د) اختلافِ عمل پر
(د)

۶۔ اسلام تمام انسانوں کو کس کے اتباع کی دعوت دیتا ہے؟
(الف) اللہ کے احکام (ب) سنتِ رسولؐ
(ج) کتاب وسنت (د) خلفائے راشدہ
(ب)

۷۔ ہمارے جسمانی افعال کے لیے کس چیز کی ضرورت ہے؟
(الف) اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پیروی کی (ب) ایک عملی نمونے کی
(ج) توانائی کی (د) ورزش کی
(ب)

۸۔ اخلاق فاضلہ کا تمام تر انحصار کس پر ہے؟
(الف) جذبات پر (ب) احساسات پر
(ج) جذبات واحساسات پر (د) جذبات واحساسات کے اعتدال اور باقاعدگی پر
(د)

۹۔ اگر دولت مند ہیں تو کس کی پیروی کریں گے؟
(الف) سلطانِ عرب کی (ب) مکے کے تاجر کی

(ج) بحرین کے خزینہ دار کی
(د) مکے کے تاجر اور بحرین کے خزینہ دار کی

۱۔ شعب ابی طالب میں محصور کی بات کون سنے؟
(الف) امیر
(ب) غریب
(ج) متوسط طبقہ
(د) تمام لوگ
(ب)

۔ اگر بادشاہ ہے تو کس کا حال پڑھے؟
(الف) بحرین کے خزینہ دار کا
(ب) مکہ کے تاجر کا
(ج) سلطانِ عرب کا
(د) معلم قدس کا
(ج)

۱۱۔ رعایا کس کو ایک نظر دیکھے؟
(الف) قریش کے محکوم کو
(ب) سلطانِ عرب کو
(ج) شعب ابی طالب کے محصور کو
(د) مدینے کے مہمان کو
(الف)

اگر کوئی فاتح ہو تو کس پر نظر دوڑائے؟
(الف) فاتح مکہ
(ب) فاتح بدر و حنین
(ج) معلم قدس
(د) سلطان عرب
(ب)

۱۴۔ اگر تم نے شکست کھائی ہے تو کس سے عبرت حاصل کرو؟
(الف) فاتح بدر و حنین سے
(ب) سلطان عرب سے
(ج) معرکۂ احد سے
(د) مکے کے بے یار و مددگار سے
(ج)

۱۵۔ ایک معلم کس کی مثال سامنے رکھے؟
(الف) روح الامین کے سامنے بیٹھنے والے کی
(ب) صفہ کی درس گاہ کے معلم قدس کی
(ج) سلطانِ عرب کی
(د) فاتح بدر و حنین کی
(ب)

۱۶۔ ایک شاگرد کس کی مثال سامنے رکھے؟
(الف) روح الامین کے سامنے بیٹھنے والے
(ب) صُفہ کی درسگاہ کے معلم
(ج) نبیؐ کے اسوۂ حسنہ
(د) کچی مسجد کے صحن میں بیٹھنے والے
(الف)

۱۷۔ ایک واعظ اور ناصح کس کی بات سنے؟
(الف) سلطانِ عرب کی
(ب) فاتح بدر و حنین کی
(ج) مسجد مدینہ کے منبر پر کھڑے ہونے والے کی
(د) صفہ کی درس گاہ کے معلم قدس کی
(ج)

۱۸۔ حق کی منادی کے لیے کس کے اسوۂ حسنہ کی پیروی کرے؟
(الف) مسجد مدینہ کے واعظ کی
(ب) مکہ کے بے یار و مددگار نبی کے اسوۂ حسنہ کی
(ج) مدینے کی کچی مسجد میں بیٹھنے والے کی
(د) حجرِ اسود نصب کرنے والے کی
(ب)

۱۹۔ دشمنوں کو زیر اور مخالفتوں کو زیر کرنے کے لیے کس کا نظارہ کریں؟
(الف) فاتح مکہ کا (ب) فاتح بدر و حنین کا
(ج) معرکۂ احد کے زخمی کا (د) شعب ابی طالب کے محصور کا (الف)

۲۰۔ دنیاوی کاروبار کے نظم و نسق اور بندوبست کے لیے کس کی پیروی کریں؟
(الف) فاتح مکہ کی (ب) فاتح بدر و حنین کی
(ج) بنی نضیر، خیبر اور فدک کی زمینوں کے مالک کے کاروبار کی اور نظم و نسق کی (د) ثالثِ حجرِ اسود (ج)

۲۱۔ حضورؐ کا وجود مبارک کیا تھا؟
(الف) ماہتاب پُرنور (ب) ایک آفتاب عالم تاب
(ج) مہ کامل (د) سراپا نور (ب)

۲۲۔ یہ دنیا انسانی مزاجوں، صلاحیتوں اور استعدادوں کے .... کا نام ہے:
(الف) مجموعے (ب) اختلاف
(ج) ملغوبے (د) باہمی چپقلش (ب)

اپنی مدد آپ

۱۔ "اپنی مدد آپ" ایک آزمودہ .... ہے۔
(الف) خیال (ب) نظریہ (ج) مقولہ (د) تجربہ (ج)

۲۔ اس چھوٹے سے فقرے میں انسانوں، قوموں اور نسلوں کا .... جمع ہے۔
(الف) مشاہدہ (ب) تجربہ (ج) علم (د) فیضان (ب)

۳۔ سچی ترقی کی بنیاد کیا ہے؟
(الف) افکار عالیہ (ب) مالی آسودگی
(ج) ترقی کی خواہش (د) اپنی مدد آپ کا جذبہ (د)

۴۔ اپنی مدد آپ کا جذبہ قوموں کی ترقی کی .... ہے۔
(الف) بنیاد (ب) جڑ (ج) ابتدا (د) انتہا (ب)

۵۔ اپنی مدد آپ کا جذبہ ختم ہونے سے .... بھی دل سے مٹ جاتی ہے۔
(الف) عزت (ب) سوچ (ج) غیرت (د) امنگ (ج)

۶۔ یہ ایک نیچر کا قاعدہ ہے کہ جیسی قوم ہو ویسی ہی اس کی .... ہوتی ہے۔
(الف) گورنمنٹ (ب) عزت (ج) ترقی (د) اٹھان (الف)

۷۔ ایک آدمی دوسرے کی مدد کرتا ہے تو پہلے کے دل سے جاتا رہتا ہے:
(الف) ترقی کا جذبہ (ب) اپنی مدد آپ کا جذبہ
(ج) احساسِ زیاں (د) خدمت کا جذبہ (ب)

۸۔ قوم شخصی .... کا مجموعہ ہے۔
(الف) خوبیوں (ب) خامیوں (ج) حالتوں (د) کیفیتوں (ج)

۹۔ ہر شخص اور کل قوم اپنی اندرونی حالتوں سے اپنی .... کر سکتی ہے۔
(الف) اصلاح (ب) ترقی (ج) آسودگی (د) تسلی (الف)

۱۰۔ اوروں پر بھروسا اور اپنی مدد آپ' یہ دونوں اصول ایک دوسرے کے بالکل .... ہیں۔
(الف) مخالف (ب) ترادف (ج) یکساں (د) متضاد (الف)

۱۱۔ ولیم ڈراگن .... کا ایک بڑا خیر خواہ تھا۔
(الف) قوم (ب) آئرلینڈ (ج) انگلینڈ (د) ملک (ب)

۱۲۔ اپنی مدد آپ کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(الف) الطاف حسین حالی (ب) سر سید احمد خاں
(ج) محمد حسین آزاد (د) سید سلیمان ندوی (ب)

۱۳۔ یہ علم وہ .... ہے جو انسان کو انسان بناتا ہے۔
(الف) تجربہ (ب) عامل (ج) علم (د) تجربہ (ج)

۱۴۔ علم کے بہ نسبت .... انسان کو زیادہ معزز بناتا ہے۔
(الف) تجربہ (ب) عمل (ج) سوانح عمری (د) مشاہدہ (ب)

سر سید کے اخلاق و خصائل

۱۔ سبق "سر سید کے اخلاق و خصائل" کا مصنف کون ہے؟
(الف) سر سید احمد خاں (ب) سید سلیمان ندوی
(ج) مولانا الطاف حسین حالی (د) مولانا شبلی نعمانی (ج)

۲۔ جس دن مہمان نہ ہوتا سر سید کھانا کھاتے وقت .... نہ ہوتے۔
(الف) خوش (ب) بشاش (ج) مطمئن (د) پُرمسرت (ب)

۳۔ سر سید کھانے کے بعد کیا پیتے تھے؟
(الف) پانی (ب) دودھ (ج) چائے (د) کافی (ب)

۴۔ سرسید کھانا کھانے کے بعد .... سیر دودھ پی لیتے تھے۔ (الف)
(الف) پاؤ پاؤ (ب) آدھا (ج) ایک (د) نصف

۵۔ ظرافت اور .... سرسید کی جبلت میں داخل تھی۔ (ب)
(الف) خوش مزاجی (ب) خوش طبعی
(ج) لطیفہ گوئی (د) خوش گوئی

۶۔ سرسید کی ظرافت اور خوش طبعی میں مطلق .... نہ تھی۔ (ج)
(الف) مبالغہ (ب) بناوٹ کا عنصر (ج) تصنع (د) تضاد

۷۔ سرسید کو مطالعے کی عادت .... ہی سے تھی۔ (ب)
(الف) بچپن (ب) ابتدا (ج) شروع (د) لڑکپن

۸۔ جو خط پانی پت سے علی گڑھ بھیجا جاتا وہاں سے .... دن جواب آجاتا۔ (ج)
(الف) اُسی (ب) دوسرے (ج) تیسرے (د) چوتھے

۹۔ محنت اور .... کی قابلیت بھی سرسید کے خاص اوصاف میں سے تھی۔ (ج)
(الف) سخاوت (ب) جودت (ج) جفاکشی (د) راست بازی

۱۰۔ سرسید کی غیر معمولی ذہانت بھی ان کے دائمی غور وفکر اور .... کا نتیجہ تھی۔ (الف)
(الف) دماغی محنت (ب) جفاکشی (ج) سوچ بچار (د) ذہنی بلوغت

۱۱۔ مضمون "سرسید کے اخلاق وخصائل" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ (ب)
(الف) مقالاتِ سرسید (ب) حیاتِ جاوید (ج) تاریخ ادب اردو (د) مردم دیدہ

۱۲۔ سرسید کا برتاؤ دوستوں کے ساتھ کیسا تھا؟ (ب)
(الف) اچھا (ب) بہت نرالا (ج) عام سا (د) بہت اچھا

۱۳۔ سرسید دوستوں کو زندگی کا ایک .... سمجھتے تھے۔ (الف)
(الف) عنصر (ب) سہارا (ج) تحفہ (د) حصہ

۱۴۔ سرسید سے نواب محسن الملک کی پہلی ملاقات کب ہوئی تھی؟ (ب)
(الف) ۱۸۶۰ء میں (ب) ۱۸۶۱ء میں (ج) ۱۸۶۲ء میں (د) ۱۸۶۳ء میں

۱۵۔ سیر چشمی اور .... سرسید کے خاص اوصاف میں سے تھے: (ج)
(الف) بلند حوصلگی (ب) عالی ظرفی (ج) فراخ حوصلگی (د) راست بازی

۱۶۔ سرسید جب مستقل طور پر علی گڑھ میں مقیم ہو گئے تو مزدوروں کی مزدوری .... (د)
(الف) کم ہو گئی (ب) ویسی ہی رہی (ج) گھٹ گئی (د) زیادہ ہو گئی

۱۷۔ سرسید خطوں کا جواب دینے میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔
(الف) سست (ب) بے قاعدہ (ج) باقاعدہ (د) نہایت فیاض (ج)

۱۸۔ سرسید کو کون سا پھل پسند تھا؟
(الف) سیب (ب) آم (ج) ناشپاتی (د) انگور (ب)

۱۹۔ سرسید نے خطبات احمدیہ کتنی مدت میں لکھی؟
(الف) ایک سال (ب) ڈیڑھ سال (ج) دو سال (د) اڑھائی سال (ب)

۲۰۔ سرسید کو کون سی بات ناگوار گزرتی تھی؟
(الف) کوئی ان کو برا بھلا کہتا (ب) ان کی راست بازی پر شک کیا جائے
(ج) ان کو نکما کہتا (د) کوئی مہمان نہ آئے (ب)

ابوالقاسم زہراوی

۱۔ سبق "ابوالقاسم زہراوی" کا مصنف کون ہے؟
(الف) سید سلیمان ندوی (ب) الطاف حسین حالی
(ج) حمید عسکری (د) سرسید احمد خان (ج)

۲۔ سبق "ابوالقاسم زہراوی" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
(الف) حیات جاوید (ب) مقالات سرسید جلد پنجم
(ج) تاریخ ادب اردو (د) نادر مسلم سائنس دان (د)

۳۔ عبدالرحمان الناصر کہاں کا حکمران تھا؟
(الف) سپین (ب) سعودی عرب (ج) مصر (د) اردن (الف)

۴۔ ابوالقاسم زہراوی کون تھا؟
(الف) ماہر تعمیرات (ب) سائنس دان (ج) ماہر تعلیم (د) ماہر قانون (ب)

۵۔ ابوالقاسم زہراوی کب پیدا ہوا؟
(الف) ۹۳۰ء (ب) ۹۳۶ء (ج) ۹۴۶ء (د) ۹۰۶ء (ب)

۶۔ عبدالرحمان الناصر اندلس کا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ حکمران تھا۔
(الف) پہلا (ب) تیسرا (ج) چھٹا (د) آٹھواں (د)

۷۔ زہراوی کے عہد میں قرطبہ میں کتنی مسجدیں تھیں؟
(الف) تین ہزار آٹھ سو (ب) سات ہزار
(ج) آٹھ ہزار (د) آٹھ ہزار تین سو (الف)

۸۔ ابوالقاسم زہراوی کہاں کا رہنے والا تھا؟
(الف) اندلس (ب) قرطبہ (ج) الزہرا (د) مصر (ج)

۹۔ ابوالقاسم زہراوی کے آباؤاجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟
(الف) مصر (ب) اندلس (ج) عراق (د) شام (ب)

۱۰۔ ابوالقاسم زہراوی کے عہد میں قرطبہ میں کتنی سر بفلک عمارتیں تھیں؟
(الف) آٹھ ہزار (ب) ساٹھ ہزار (ج) باسٹھ ہزار (د) چونسٹھ ہزار (ب)

۱۱۔ قرطبہ میں زہراوی کے عہد میں کتنے لاکھ مکانات تھے؟
(الف) ایک لاکھ (ب) دو لاکھ (ج) تین لاکھ (د) چار لاکھ (ب)

۱۲۔ شاہی لائبریری میں کتنی کتب تھیں؟
(الف) ایک لاکھ (ب) ایک لاکھ سے زائد
(ج) دو لاکھ سے زائد (د) تین لاکھ سے زائد (ج)

۱۳۔ عہد زہراوی میں قرطبہ کی آبادی کتنے لاکھ تھی؟
(الف) سات (ب) آٹھ (ج) دس (د) بارہ (ج)

۱۴۔ ابوالقاسم زہراوی کی کتاب کا نام ہے:
(الف) التصریف (ب) نامور مسلم سائنس دان
(ج) علم الجراحت (د) علاج بالدوا (الف)

۱۵۔ التصریف کا موضوع کیا ہے؟
(الف) میڈیسن (ب) جراحت (ج) طب اور جراحت (د) عملی جراحت (ج)

۱۶۔ زہراوی نے اہل مغرب کو کس فن سے روشناس کرایا؟
(الف) فن تعمیر (ب) فن دوا سازی
(ج) فن جراحت (سرجری) (د) فن کیمیا گری (ج)

۱۷۔ التصریف کتنے بڑے حصوں پر مشتمل ہے؟
(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار (ج)

۱۸۔ ازمنہ وسطیٰ تک امراض کا بڑا طریقہ علاج کیا تھا؟
(الف) میڈیسن (ب) داغ دینا (ج) جراحت (د) حلق کا کوا کاٹنا (ب)

۱۹۔ قاثاطیر کس قسم کا آلہ ہے؟
(الف) پیشاب خارج کرنے کا (ب) انیما کرنے کا
(ج) دانت نکالنے کا (د) داغ دینے کا (الف)

۲۰۔ مقامع الاسنان کس کام کا آلہ ہے؟
(الف) انیما کرنے (ب) دانت نکالنے
(ج) پیشاب خارج کرنے (د) داغ دینے (ب)

۲۱۔ محقن کس لیے استعمال کیا جاتا تھا؟
(الف) حلق کا کوا کاٹنے (ب) انیما کرنے
(ج) دانت نکالنے (د) پیشاب خارج کرنے (ب)

۲۲۔ ابوالقاسم زہراوی کی کتاب کہاں پڑھائی جاتی رہی؟
(الف) قرطبہ یونیورسٹی میں (ب) یورپ کی تمام بڑی بڑی یونیورسٹیوں میں
(ج) متعدد میڈیکل کالجوں میں (د) جامع الازہر میں (ب)

۲۳۔ التصریف کا لاطینی ترجمہ کب شائع ہوا؟
(الف) ۱۴۹۴ء میں (ب) ۱۴۹۵ء میں (ج) ۱۴۹۶ء میں (د) ۱۴۹۷ء میں (د)

۲۴۔ التصریف کا سب سے پہلا ترجمہ لاطینی ترجمہ کہاں سے شائع ہوا؟
(الف) لندن (ب) وینس (ج) قرطبہ (د) سپین (ب)

۲۵۔ التصریف کے باسل ایڈیشن کی سب سے بڑی خوبی کیا ہے؟
(الف) اصل عربی متن اور لاطینی ترجمہ ساتھ ہونا (ب) اچھی گٹ اپ
(ج) مجلد ہونا (د) لاطینی ترجمہ (الف)

۲۶۔ ڈاکٹر لی مارک نے التصریف کا ترجمہ کس زبان میں کیا؟
(الف) انگریزی (ب) فرانسیسی (ج) لاطینی (د) جرمن (ب)

۲۷۔ التصریف کا فرانسیسی ترجمہ کب شائع ہوا؟
(الف) ۱۴۹۷ء (ب) ۱۸۷۰ء (ج) ۱۸۷۵ء (د) ۱۸۸۱ء (د)

ادیب کی عزت

۱۔ سبق ''ادیب کی عزت'' کے مصنف کون ہیں؟
(الف) پریم چند (ب) غلام عباس
(ج) احمد ندیم قاسمی (د) ہاجرہ مسرور (الف)

۲۔ پریم چند کس سنہ میں پیدا ہوئے؟
(الف) ۱۷۸۰ء (ب) ۱۸۸۰ء (ج) ۱۷۸۵ء (د) ۱۸۸۵ء (ب)

۳۔ پریم چند کس سنہ میں فوت ہوئے؟

(الف) ۱۸۶۳ء (ب) ۱۸۳۶ء (ج) ۱۹۳۶ء (د) ۱۹۳۳ء — (ج)

۴۔ سبق "ادیب کی عزت" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(الف) پریم بتیسی (ب) آخری تحفہ (ج) پریم پچیسی (د) زادِ راہ — (ب)

۵۔ حضرت قمر نے کتنی دفعہ ابلی ہوئی چائے پی؟

(الف) دس دفعہ (ب) بیس دفعہ (ج) تیس دفعہ (د) چالیس دفعہ — (ب)

۶۔ حضرت قمر کی رائے میں چائے میں دودھ ملانا

(الف) رئیسوں کی ایجاد ہے (ب) غریبوں کی ایجاد ہے

(ج) حکیموں کی ایجاد ہے (د) حکمرانوں کی ایجاد ہے — (الف)

۷۔ حضرت قمر کی بیوی کا نام کیا تھا؟

(الف) سکینہ (ب) رفیعہ (ج) ذکیہ (د) نصیبہ — (الف)

۸۔ حضرت قمر نے ناشتہ کس سے کیا؟

(الف) ڈبل روٹی (ب) چائے (ج) انڈے (د) پراٹھے — (ب)

۹۔ حضرت قمر کی ضروریات زندگی میں نہ تھی:

(الف) چائے (ب) چینی ملی چائے (ج) دودھ (د) دودھ اور چینی — (د)

۱۰۔ قمر صاحب کی رائے میں چینی اور دودھ ملانے سے چائے

(الف) کا ذائقہ بگڑ جاتا ہے (ب) مزیدار ہو جاتی ہے

(ج) بے مزہ ہو جاتی ہے (د) بدذائقہ ہو جاتی ہے — (الف)

۱۱۔ کون سی چیز ادیبوں کا امتیازی نشان ہے؟

(الف) بے حسی (ب) بے نیازی (ج) خودنمائی (د) خودغرضی — (ب)

۱۲۔ حضرت قمر نے اپنی نظم میں زندگی کو ایک .... سے تشبیہ دی۔

(الف) باغیچہ (ب) باغ (ج) چمن (د) سرابِ ہستی — (ب)

۱۳۔ قمر صاحب کے بقول ہر شخص کے دل میں .... کی بھوک ہوتی ہے۔

(الف) عزت و وقار (ب) اعزاز و احترام

(ج) عزت و احترام (د) عزت افزائی — (ب)

۱۴۔ اعزاز و احترام کی بھوک ہماری روح کے ارتقا کی ایک .... ہے۔

(الف) ضرورت (ب) وجہ (ج) منزل (د) حاجت — (ج)

۱۵۔ حضرت قمر صاحب کے بقول فربہی ایک .... شے ہے۔

(الف) باوقار (ب) عزت افزا (ج) بارعب (د) عمدہ (ب)

۱۶۔ ادیب کی عزت میں کن دو انگریز شاعروں کا نام آیا ہے؟

(الف) کیٹس اور شیلے (ب) شیلے اور شیکسپیئر

(ج) لارڈ بائرن اور شیلے (د) کیٹس اور ٹینی سن (ج)

اوورکوٹ

۱۔ سبق "اوورکوٹ" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(الف) غلام عباس (ب) پریم چند (ج) احمد ندیم قاسمی (د) ہاجرہ مسرور (الف)

۲۔ غلام عباس کا سنہ پیدائش کیا ہے؟

(الف) ۱۹۰۸ء (ب) ۱۹۰۹ء (ج) ۱۹۱۹ء (د) ۱۹۲۹ء (ب)

۳۔ غلام عباس کا سنہ وفات کیا ہے؟

(الف) ۱۹۸۱ء (ب) ۱۹۱۸ء (ج) ۱۹۲۸ء (د) ۱۹۸۲ء (د)

۴۔ خوش پوش نوجوان کس روڈ سے گزر کر مال روڈ پر پہنچا؟

(الف) میکلوڈ روڈ (ب) لارنس روڈ (ج) ڈیوس روڈ (د) لوئر مال روڈ (ج)

۵۔ فیشن ایبل نوجوان ڈیوس روڈ سے گزر کر کہاں پہنچا؟

(الف) لوئر مال روڈ (ب) مال روڈ (ج) لارنس روڈ (د) میکلوڈ روڈ (ب)

۶۔ نوجوان تراش خراش سے کیسا لگتا تھا؟

(الف) امیرزادہ (ب) غریب (ج) من موجی (د) فیشن ایبل (د)

۷۔ نوجوان نے کون سی ٹوپی پہن رکھی تھی؟

(الف) ترکی (ب) جناح (ج) فیلٹ ہیٹ (د) رام پوری (ج)

۸۔ فیلٹ ہیٹ کس رنگ کا تھا؟

(الف) سبز (ب) سرخ (ج) گرے (د) بادامی (الف)

۹۔ نوجوان کے ہاتھ میں کیا تھا؟

(الف) چھڑی (ب) چھری (ج) ہیٹ (د) رومال (الف)

۱۰۔ خالی ٹیکسی والے کو نوجوان نے کیا کہا؟

(الف) کم ان (ب) نو (ج) نو تھینک یو (د) ہیلو (ج)

۱۱۔ نوجوان نے رومال کہاں رکھا ہوا تھا؟

(الف) کوٹ کی جیب میں (ب) قمیض کی جیب میں

(ج) آستین میں (د) پتلون کی جیب میں (ج)

۱۲۔ "سبق اوورکوٹ" میں نوجوان نے بلی سے کیا کہا؟

(الف) ہیلو (ب) پورٹل سول (ج) سوری (د) تھینک یو (ب)

۱۳۔ نوجوان کو حادثہ کہاں پیش آیا؟

(الف) میکلوڈ روڈ پر (ب) مین روڈ پر (ج) مال روڈ پر (د) لارنس روڈ پر (ج)

۱۴۔ نوجوان کو قالین کی کتنی قیمت بتائی دکاندار نے؟

(الف) ۱۲۳۲ روپے (ب) ۳۲۱۲ روپے

(ج) ۱۴۳۲ روپے (د) ۲۷۳۱ روپے (ج)

۱۵۔ اوورکوٹ میں لگا ادھ کھلا پھول کس رنگ کا تھا؟

(الف) گلابی (ب) شربتی (ج) بنفشی (د) کاسنی (ب)

۱۶۔ نوجوان کے جسم کا کون سا حصہ کچلا گیا تھا؟

(الف) بازو (ب) ٹانگیں (ج) سر (د) دھڑ (ب)

۱۷۔ گلوبند اتارتے وقت نرسوں نے کس بات پر حیران ہو کر ایک دوسری کو دیکھا؟

(الف) گلوبند بے داغ تھا (ب) گلوبند بوسیدہ تھا

(ج) گلوبند کے نیچے قمیض نہ تھی (د) گلوبند گردن پر چپکا ہوا تھا (ج)

۱۸۔ افسانے کی آخری سطر میں کس چیز کا ذکر ہے؟

(الف) فلیٹ ہیٹ کا (ب) بید کی چھڑی کا

(ج) سلک کے گلوبند کا (د) زخموں کا (ب)

۱۹۔ نوجوان نے اوورکوٹ کیوں پہن رکھا تھا؟

(الف) سردی سے بچنے کے لیے (ب) خوبصورت نظر آنے کے لیے

(ج) فیشن کے طور پر (د) اپنی اصلیت چھپانے کے لیے (د)

۲۰۔ مصنف نے کس قسم کے اوورکوٹ کو نیلامی میں خریدا گیا کہا ہے؟

(الف) قرانلی (ب) بادامی رنگ کے

(ج) خاکی پٹی کے پرانے اوورکوٹ کو (د) پٹی کے بنے ہوئے اوورکوٹ (ج)

۲۱۔ نوجوان نے پان والے سے کتنے روپے کا چینج مانگا؟

(الف) پانچ روپے (ب) دس روپے (ج) پچاس روپے (د) ایک سو روپے (ب)

۲۲۔ نوجوان کی چلون کیسی تھی؟
(الف) خوبصورت (ب) پھٹی پرانی
(ج) پرانی جگہ جگہ سے پھٹی ہوئی اور بکسووں کے بغیر (د) بٹن اور بکسوؤں کے بغیر (ج)

۲۳۔ نوجوان کا اوور کوٹ کس رنگ کا تھا؟
(الف) ہلکا نیلا (ب) سیاہ (ج) بادامی (د) براؤن (ج)

۲۴۔ اوور کوٹ کے بٹن کس چیز کے بنے ہوئے تھے؟
(الف) سونے (ب) چاندی (ج) سینگ (د) پلاسٹک (ج)

۲۵۔ اوور کوٹ کے نیچے کیا چیز نہ تھی؟
(الف) قمیض (ب) نکٹائی (ج) جرسی (د) بنیان (الف)

سفارش

۱۔ سبق "سفارش" کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(الف) نذیر احمد (ب) ہاجرہ مسرور (ج) پریم چند (د) احمد ندیم قاسمی (د)

۲۔ احمد ندیم قاسمی کا سنہ پیدائش کیا ہے؟
(الف) ۱۹۱۵ء (ب) ۱۹۱۶ء (ج) ۱۹۲۰ء (د) ۱۹۲۱ء (ب)

۳۔ احمد ندیم قاسمی کس سنہ میں فوت ہوئے؟
(الف) ۲۰۰۶ء (ب) ۲۰۰۷ء (ج) ۲۰۱۰ء (د) ۲۰۱۱ء (الف)

۴۔ گلی کے موڑ پر کتنے تانگے کھڑے رہتے تھے؟
(الف) ایک دو (ب) دو تین (ج) تین چار (د) پانچ سات (ج)

۵۔ فیکے کے باپ نے سرمہ کہاں سے خریدا تھا؟
(الف) اسلام پورہ (ب) مصری شاہ (ج) گھوڑے شاہ (د) کرشن آباد (ج)

۶۔ فیکے کے باپ نے کیا پڑھ کر سرمے کی سلائی آنکھ میں پھیری؟
(الف) بسم اللہ (ب) کلمہ طیبہ
(ج) لقمان حکیم حکمت کا بادشاہ (د) ھوالشافی (ج)

۷۔ چچا شیدے نے کیا مشورہ دیا؟
(الف) پالک کا ساگ ابال کر باندھو (ب) پوست کے ڈوڈے ابال کر پانی سے دھوؤ
(ج) مزید سرمہ لگاؤ (د) ہسپتال سے علاج کراؤ (ب)

۸۔ مصنف نے ڈاکٹر جبار کو کتنی بار فون کیا؟

(الف) ایک بار (ب) دو بار (ج) تین بار (د) چار بار (ب)

۹۔ مصنف نے ملازم کو کیوں ڈانٹا؟

(الف) اس نے جھوٹ بولا تھا (ب) فیکے کو صاحب کے گھر پر ہونے کا بتا دیا تھا

(ج) سودا نہیں لایا تھا (د) فیکے سے ہمدردی رکھتا تھا (ب)

۱۰۔ فیکے کا گھرانہ کتنے سال سے چھپر میں پڑا تھا؟

(الف) پانچ سال سے (ب) چھ سال سے (ج) آٹھ سال سے (د) دس سال سے (د)

۱۱۔ مصنف فیکے سے نظریں کیوں چرانا چاہتا تھا؟

(الف) فون کرنے کا نہ کہے (ب) سفارش نہیں کی تھی

(ج) ادھار نہ مانگ لے (د) جھوٹ بولنے کی وجہ سے شرمندہ تھا (د)

چراغ کی لو

۱۔ سبق "چراغ کی لو" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(الف) غلام عباس (ب) ہاجرہ مسرور (ج) احمد ندیم قاسمی (د) خدیجہ مستور (ب)

۲۔ اچھن کون سی بیماری میں مبتلا تھی؟

(الف) کینسر (ب) بخار اور کھانسی (ج) تپ محرقہ (د) ہیضہ (ب)

۳۔ اچھن کا باپ کیا کام کرتا تھا؟

(الف) دفتر میں کلرک تھا (ب) سیٹھ کا منشی تھا

(ج) کپڑا بنتا تھا (د) پان بیڑی بیچتا تھا (ب)

۴۔ اچھن کی شدید خواہش کیا تھی؟

(الف) روپیا پیسا (ب) ہار سنگھار (ج) زیادہ روشنی (د) صحت مندی (ج)

۵۔ اچھن کا باپ کیا پیتا تھا؟

(الف) بیڑی (ب) سگریٹ (ج) حقہ (د) چائے (الف)

۶۔ اچھن کے باپ کو سیٹھ نے رقم کس لیے دی؟

(الف) چراغ کے تیل کے لیے (ب) لاش کے کفن دفن کے لیے

(ج) اچھن کی شادی کے لیے (د) کپڑوں کے لیے (ب)

۷۔ اچھن کی ماں کس چیز کو ترستی مر گئی؟

(الف) روپے پیسے کو (ب) ریشمی سوٹ کو

(ج) چھالیس کے گھیرے والی پاجامے کو (د) اپنے گھر کو (ج)

۸۔ اچھن کے باپ کی تنخواہ کتنی تھی؟ (ب)
(الف) آٹھ روپے (ب) دس روپے (ج) پندرہ روپے (د) بیس روپے

۹۔ مل مزدوروں کو کیا سہولت دی گئی تھی؟ (الف)
(الف) مہنگائی بھتہ (ب) مکان کے لیے قرض
(ج) فری بس سروس (د) تفریحی الاؤنس

۱۰۔ اچھن کے باپ نے بیڑی پینے سے کیوں انکار کیا؟ (الف)
(الف) اچھن کا جی الٹتا تھا (ب) رقم نہیں تھی
(ج) بیمار ہو گیا تھا (د) بچت کرنا چاہتا تھا

مکتوباتِ غالب

۱۔ نواب مصطفیٰ خاں رہا ہو کر کس شہر میں گئے؟ (ج)
(الف) دہلی (ب) لکھنؤ (ج) میرٹھ (د) جہانگیر آباد

۲۔ نواب مصطفیٰ خاں کو کتنے سال قید کی سزا ہوئی تھی؟ (ب)
(الف) پانچ (ب) سات (ج) نو (د) دس

۳۔ رہائی کے بعد نواب مصطفیٰ خاں کہاں ٹھہرے تھے؟ (ب)
(الف) ہوٹل میں (ب) دوست کے گھر میں
(ج) عزیز کے گھر میں (د) اپنے گھر میں

۴۔ غالب نے میرٹھ کا سفر کیسے طے کیا؟ (ب)
(الف) بگھی پر (ب) ڈاک سے (ج) موٹر کار کے ذریعے (د) گھوڑے پر سوار ہو کر

۵۔ غالب کا پہلا خط کس کے نام ہے؟ (ب)
(الف) ہرگوپال تفتہ (ب) میر مہدی حسین مجروح
(ج) نواب مصطفیٰ خاں (د) میرن

۶۔ گورے کی آنکھ بچا کر آنے والے کو کیا سزا ملتی تھی؟ (د)
(الف) پانچ بید (ب) دو روپے جرمانہ
(ج) آٹھ دن قید (د) اُ ب ُ ج

۷۔ غالب حکیم پٹیالے والے کے مکان کی حویلی میں کب سے رہ رہے تھے؟ (الف)
(الف) ۱۸۵۰ء (ب) ۱۸۵۷ء (ج) ۱۸۶۱ء (د) ۱۸۶۵ء

۸۔ حاکم شہر نے فصیلِ شہر سے باہر بننے والے گھروں کے بارے میں کیا حکم دیا تھا؟
(الف) مکان ڈھا دیے جائیں (ب) ان کو آگ لگا دی جائے

(ج) مزید نہ بنائے جائیں (د) ڈھانے کی مہلت دی جائے (الف)

۹۔ شہر میں اقامت کے لیے کتنے ٹکٹ چھاپے گئے تھے؟

(الف) دو ہزار (ب) پانچ ہزار (ج) آٹھ ہزار (د) دس ہزار (ب)

۱۰۔ غالب کا دوسرا خط کس شخص کے نام ہے؟

(الف) ہرگوپال تفتہ (ب) میر مہدی حسین مجروح

(ج) میر بادشاہ (د) نواب مصطفیٰ خاں (الف)

۱۱۔ ہرگوپال تفتہ نے غالب کو اصلاح کے لیے کیا بھیجا تھا؟

(الف) غزلیں (ب) نظمیں (ج) مثنوی (د) قصائد (د)

۱۲۔ غالب بیماری کے سبب مسودات کس حالت میں دیکھتے تھے؟

(الف) لیٹے لیٹے (ب) بیٹھے بیٹھے (ج) کھڑے کھڑے (د) چلتے پھرتے (الف)

مکتوباتِ اقبال

۱۔ علامہ اقبال کس قسم کے درد سے دوچار ہوئے؟

(الف) پاؤں کا درد (ب) دانت کے درد

(ج) کان کے درد (د) سردرد (الف)

۲۔ علامہ اقبال کو دہلی سے دوا کس نے بھیجی تھی؟

(الف) حکیم نابینا (ب) حکیم اجمل خاں

(ج) حکیم احسن اللہ خاں (د) گورداس پور کے حکیم (ب)

۳۔ اقبال کا پہلا خط کس کے نام ہے؟

(الف) حکیم اجمل خاں (ب) مولانا گرامی

(ج) ڈاکٹر عبدالرحمٰن (د) اکبر الہ آبادی (ب)

۴۔ مولانا گرامی کو لاہور آنے کی دعوت کس شخص نے دی تھی؟

(الف) علامہ اقبال (ب) میاں ریاض صاحب

(ج) انجمن حمایت اسلام (د) حکیم اجمل خاں (ب)

۵۔ مولانا گرامی نے لاہور آنے کی دعوت کا کیا جواب دیا؟

(الف) دعوت قبول کرلی (ب) رد کر دی

(ج) آنا ملتوی کر دیا (د) کوئی جواب نہ دیا (ب)

۶۔ علامہ کو "اسرار خودی" کے عربی ترجمے کے لئے کہاں سے خط آیا؟

(الف) لاہور (ب) دہلی (ج) بمبئی (د) کراچی (ج)

۷۔ اسرارِ خودی کا عربی ترجمہ کون کرنا چاہتا تھا؟
(الف) اقبال خود (ب) ایک عرب
(ج) مولانا گرامی (د) اکبر الٰہ آبادی (ب)

۸۔ اقبال نے خط میں کس شہر میں فسادات ہونے کا ذکر کیا ہے؟
(الف) بمبئی (ب) لکھنو (ج) کلکتہ (د) دہلی (ج)

۹۔ اقبال نے اکبر الٰہ آبادی کو کس کتاب کا دیباچہ لکھنے کی درخواست کی؟
(الف) شکوہ اور جواب شکوہ (ب) اسرارِ خودی
(ج) رموزِ بے خودی (د) اسرار و رموز (الف)

۱۰۔ اقبال کو کہاں سے دعوت نامہ آیا تھا؟
(الف) آگرہ (ب) کان پور (ج) دہلی (د) کلکتہ (د)

لاہور کا جغرافیہ

۱۔ ''لاہور کا جغرافیہ'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(الف) شفیع عقیل (ب) احمد ندیم قاسمی
(ج) پطرس بخاری (د) مشتاق یوسفی (ج)

۲۔ پانچ دریاؤں کی سرزمین پر اب کتنے دریا بہتے ہیں؟
(الف) چار (ب) ساڑھے چار (ج) پانچ (د) تین (ب)

۳۔ پشاور کی طرف سے لاہور آنے والے کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) اہلِ زبان (ب) جنگجو (ج) اہلِ سیف (د) اہلِ دہ (ج)

۴۔ دہلی کی طرف سے آنے والے کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) اہلِ زبان (ب) ادیب (ج) اہلِ سیف (د) شاعر (الف)

۵۔ لاہور کے شہریوں نے کیا چیز دینے کا مطالبہ کیا ہے؟
(الف) آب و ہوا (ب) مہنگائی الاؤنس (ج) تفریحی الاؤنس (د) بجلی (الف)

۶۔ لاہور پہنچنے کے کتنے راستے ہیں؟
(الف) کئی (ب) دو (ج) تین (د) بہت سے (الف)

۷۔ نصف دریا کو اصطلاح میں کیا کہا گیا ہے؟
(الف) آدھا دریا (ب) آدھا راوی
(ج) راوی ضعیف (د) کمزور راوی (ج)

۸۔ لاہور میں آب رسانی کا ابتدائی منصوبہ کس نے بنایا تھا؟

(الف) نظام سقہ نے (ب) شیر شاہ سوری نے

(ج) مغل بادشاہوں نے (د) انگریزوں نے (الف)

۹۔ تانگوں میں کیسے گھوڑے استعمال کیے جاتے ہیں؟

(الف) مریل (ب) بنا پیتی (ج) کمزور (د) طاقت ور (ب)

۱۰۔ جس دیوار پر ”محمد علی دندان ساز“ لکھا ہوا ہے وہ کیا ہے؟

(الف) امتیاز علی تاج کا گھر (ب) انقلاب کا دفتر

(ج) شالا مار باغ کی سڑک (د) جہانگیر کے مقبرے کو جانے والی سڑک (ب)

۱۱۔ اشتہاروں کے علاوہ لاہور کی بڑی صنعت کیا ہے؟

(الف) انجمن سازی (ب) طلبہ (ج) رسالہ سازی (د) کالج (ج)

۱۲۔ لاہور کی سب سے بڑی حرفت کیا ہے؟

(الف) انجمن سازی (ب) رسالہ سازی

(ج) دندان سازی (د) فرنیچر سازی (الف)

۱۳۔ لاہور کے ہر مربع انچ میں کیا ہے؟

(الف) ایک انجمن (ب) ایک کالج (ج) ایک صنعت (د) حرفت (الف)

۱۴۔ لاہور کی سب سے مشہور پیداوار کیا ہے؟

(الف) انجمنیں (ب) رسالے (ج) طلبہ (د) گندم (ج)

۱۵۔ لاہور کی مشہور فصل کب بوئی جاتی ہے؟

(الف) شروع گرما (ب) شروع سرما (ج) اواخر موسم بہار (د) اواخر موسم خزاں (ب)

۱۶۔ لاہور کی مشہور فصل کب پک کر تیار ہوتی ہے؟

(الف) شروع سرما (ب) اواخر گرما (ج) اواخر بہار (د) شروع بہار (ج)

۱۷۔ جو طلبہ درزیوں، دھوبی اور نائی کے پاس بھیجے جاتے ہیں وہ کیا کہلاتے ہیں؟

(الف) جلالی (ب) جمالی (ج) خیالی (د) خالی (ب)

۱۸۔ کون سے طلبہ کا شجرہ جلال الدین اکبر سے ملتا ہے؟

(الف) خالی (ب) خیالی (ج) جمالی (د) جلالی (د)

۱۹۔ طلبہ کی کون سی قسم روپ، اخلاق، آواگون اور جمہوریت پر تبادلہ خیال کرتی ہے؟

(الف) خیالی (ب) خالی (ج) جمالی (د) جلالی (الف)

۲۰۔ طلبہ کی کون سی قسم تعلیم اور نصاب سے بے تعلق رہتی ہے؟

(الف) خیالی (ب) خالی (ج) جمالی (د) جلالی (ب)

۲۱۔ مصنف نے لاہور کے لوگوں کے بارے میں کیا بتایا ہے؟
(الف) محنتی ہیں (ب) خوب صورت ہیں
(ج) خوش طبع ہیں (د) خوش پوش ہیں

دوستی کا پھل

۱۔ کبوتری کو کس بات کی فکر لگی رہتی تھی؟
(الف) جان جانے کی (ب) طوفان آ جانے کی
(ج) بچوں کی جان جانے کی (د) انڈوں کے اٹھائے جانے کی

۲۔ کبوتر دوستی کا رشتہ جوڑنے پہلے کس کے پاس گیا؟
(الف) نر گدھ (ب) گدھوں کے جوڑے
(ج) سانپ (د) مادہ گدھ
(ب)

۳۔ نر گدھ نے کبوتر کو کیا مشورہ دیا؟
(الف) جنگل چھوڑنے کا (ب) دوسرے پرندوں کے پاس جانے کا
(ج) سانپ کو دوستی کے حلقے میں لانے کا (د) مزید کسی سے دوستی نہ کرنے کا
(ج)

۴۔ سانپ کہاں رہتا تھا؟
(الف) اپنے بل میں (ب) درخت پر
(ج) درخت کی کھوہ میں (د) جنگل کے دوسرے سرے پر
(ج)

۵۔ دوستی کے حلقے میں کل کتنے جاندار تھے؟
(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھے
(ج)

۶۔ کبوتروں نے خود کتنی بار آگ بجھائی؟
(الف) ایک دو (ب) دو تین (ج) تین چار (د) چار پانچ
(ج)

۷۔ گدھوں نے آگ بجھانے میں کتنی بار مدد دی؟
(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار
(الف)

۸۔ شکاری کس بات کی علامت ہے؟
(الف) خطرے (ب) ظلم
(ج) ظلم اور خطرے (د) مفاد پرستی
(ج)

۹۔ سبق "دوستی کا پھل" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟
(الف) بلوچی لوک داستانیں (ب) پشتو لوک داستانیں
(ج) پنجابی لوک داستانیں (د) سندھی لوک داستانیں
(ج)

کیا واقعی دنیا گول ہے؟

۱۔ سبق "کیا واقعی دنیا گول ہے؟" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(الف) مشتاق یوسفی (ب) شفیع عقیل

(ج) ابن انشا (د) پطرس بخاری — ج (ب)

۲۔ مصنف نے سفر شروع کیا تو کہاں جا کر رکا؟

(الف) بیجنگ (ب) جاکرتا (ج) کولمبو (د) کوپن ہیگن — (ب)

۳۔ لڑکا کیا لینے گیا تھا؟

(الف) پانی (ب) دودھ (ج) تیل (د) جوس — (ج)

۴۔ لڑکے کے ہاتھ میں کیا تھا؟

(الف) کٹورا (ب) پیالا (ج) ڈبا (د) گلاس — (الف)

۵۔ مصنف کے سفر کا مقصد کیا تھا؟

(الف) لطف اٹھانا (ب) معلومات میں اضافہ کرنا

(ج) دنیا کے گول ہونے کا ثبوت لینا (د) آوارہ گردی کرنا — (ج)

۶۔ مصنف یہ سطور لکھتے وقت کس شہر میں تھا؟

(الف) پیرس (ب) کوپن ہیگن (ج) سنگا پور (د) جکارتہ — (ج)

۷۔ مصنف سفرنامے کے مقابلے میں کیا لکھنے کی خواہش رکھتا تھا؟

(الف) داستان (ب) قیام نامہ (ج) آپ بیتی (د) ناول — (ب)

۸۔ مصنف نے سبق میں کتنے قسم کے ڈاکٹروں کا ذکر کیا ہے؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار — (د)

۹۔ سبق "کیا دنیا واقعی گول ہے؟" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(الف) چلتے ہو تو چین کو چلیے (ب) آوارہ گردی کی ڈائری

(ج) دنیا گول ہے (د) ابن بطوطہ کے تعاقب میں — (ج)

۱۰۔ حاتم طائی کس پہاڑ کی تلاش میں نکلا تھا؟

(الف) کوہ ہمالیہ (ب) کوہ سلیمان (ج) کوہ ندا (د) کوہ ہندوکش — (ج)

۱۱۔ مصنف کو کن لوگوں پر رشک آتا ہے؟

(الف) جو سفرنامے نہیں پڑھتے (ب) ملک ملک کی سیر کرتے ہیں

(ج) پرسکون رہتے ہیں (د) کو کبھی قید مقام سے نہیں گزرتے — (د)

۱۲۔ ابنِ انشا نے سبق میں کس داستان کا ذکر کیا ہے؟

(الف) لوک داستان (ب) داستانِ مجاہد

(ج) داستانِ امیر حمزہ (د) داستان ایمان فروشوں کی (ج)

اور آنا گھر میں مرغیوں کا

۱۔ سبق ''اور آنا گھر میں مرغیوں کا'' کا مصنف کون ہے؟

(الف) مشتاق احمد یوسفی (ب) ابنِ انشا

(ج) شفیع عقیل (د) پطرس بخاری (الف)

۲۔ سبق ''اور آنا گھر میں مرغیوں کا'' کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(الف) چراغ تلے (ب) خاکم بدہن (ج) زرگزشت (د) آبِ گم (الف)

۳۔ مرغیوں کا صحیح مقام کیا ہے؟

(الف) پیٹ (ب) پلیٹ (ج) پیٹ اور پلیٹ (د) گکر اور پتیلی (ج)

۴۔ روٹی کے علاوہ انسان کی خواہش کیا ہوتی ہے؟

(الف) پھل کھانے کی (ب) مرغ مسلم کی

(ج) انڈے کھانے کی (د) بریانی کی (ب)

۵۔ مصنف ''اور آنا گھر میں مرغیوں کا'' مصنف کس چیز کو دنیا کی سب سے بڑی نعمت سمجھتا ہے؟

(الف) مرغی (ب) انڈا (ج) مچھلی (د) سبزی (ب)

۶۔ مصنف کے مطابق ایک اعلیٰ نسل کی مرغی سال میں کتنے انڈے دیتی ہے؟

(الف) ڈیڑھ سو سے دو سو (ب) دو سو سے اڑھائی سو

(ج) دو سو سے تین سو (د) تین سو سے چار سو (ب)

۷۔ کتا اپنے مالک کو دیکھتے ہی ....

(الف) بھاگ جاتا ہے (ب) لپک کر آتا ہے

(ج) دم ہلانے لگتا ہے (د) بھونکنے لگتا ہے (ج)

۸۔ دوسرے جانوروں کی نسبت مرغ کی آواز اس کی جسامت کی نسبت کم از کم .... گنا ہوتی ہے؟

(الف) ستر (ب) اسی (ج) سو (د) دو سو (ج)

۹۔ قنوطیت سے کیا مراد ہے؟

(الف) برائی چاہنا (ب) ہر معاملے میں تاریک پہلو دیکھنا

(ج) مایوسی (د) قدامت پسندی (ب)

۱۰۔ مرغ اذان کیوں دیتا ہے؟ مصنف نے اس کا جواب کیا دیا؟
(الف) عبادت کرتا ہے (ب) لوگوں کو جگانے کے لیے
(ج) عادت ہے (د) اپنی نسل کو بلاتا ہے
(ب)

۱۱۔ جب مصنف نے مرغیوں کے مارے گھر چھوڑنا چاہا تو بیوی نے کیا کہا؟
(الف) مت جاؤ (ب) جانے بھی دو
(ج) برستی بارش میں کہاں جاؤ گے (د) مذاق نہ کرو
(ج)

۱۲۔ والیانِ ریاست بھینسوں کو کیا کھلاتے تھے؟
(الف) کھلی اور بھوسا (ب) چارہ
(ج) سبزیاں اور پھل (د) بادام اور پستے
(د)

۱۳۔ بقول مصنف دس مرغیوں سے ابتدا کی جائے تو تیسرے سال کتنے انڈے نکلیں گے؟
(الف) دو لاکھ پچیس ہزار (ب) تین لاکھ سینتیس ہزار پچاس
(ج) تین کروڑ سینتیس لاکھ پچاس ہزار (د) پانچ کروڑ پچاس لاکھ
(ج)

۱۴۔ ایک قنوطی کی مرغی سال میں کتنے انڈے دے گی؟
(الف) ایک سو (ب) ڈیڑھ سو (ج) دو سو (د) ڈھائی سو
(ب)

۱۵۔ ایک اعلیٰ نسل کی مرغی سال میں اوسطاً کتنے انڈے دیتی ہے؟
(الف) ڈیڑھ دو سو (ب) دو اڑھائی سو
(ج) اڑھائی تین سو (د) تین سو پینسٹھ
(ب)

۱۶۔ مصنف نے کتنا عرصہ اپنی عادات و خصائل کا بغور مطالعہ کیا؟
(الف) دس ماہ (ب) ایک سال (ج) سولہ ماہ (د) اٹھارہ ماہ
(د)

۱۷۔ مصنف نے آلام دنیوی میں مبتلا لوگوں کو کیا مشورہ دیا ہے؟
(الف) توبہ کرنے کا (ب) مرغ رکھنے کا
(ج) مرغیاں پالنے کا (د) عبادات کرنے کا
(ج)

ادبی و شعری اصلاحات (تشبیہ، استعارہ، تلمیح)

۱۔ تشبیہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟
(الف) ہم شکل (ب) ایک چیز کو دوسری کی مانند قرار دینا
(ج) شبہ کرنا (د) مشترک صفت

۲۔ کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہیں گے؟
(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) تلمیح (د) قافیہ

۳۔ بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق...... اس مصرعے میں آتش نمرود ادبی اصطلاح کے حوالے سے کیا ہے؟
(الف) تلمیح (ب) استعارہ (ج) تشبیہ (د) محاورہ

۴۔ استعارہ کس زبان کا لفظ ہے؟
(الف) عربی (ب) فارسی (ج) سندھی (د) ہندی

۵۔ ایک چیز کو کسی مشترک خوبی کی بنا پر دوسری چیز جیسا کہا جائے تو اسے ادبی اصطلاح میں کیا کہا جائے گا؟
(الف) تشبیہ (ب) تلمیح (ج) استعارہ (د) ہم شکل

۶۔ استعارہ کے لفظی معنی کیا ہیں؟
(الف) ادھار لینا (ب) مشابہ قرار دینا
(ج) ادھار دینا (د) اشارہ کرنا

۷۔ تلمیح کے لفظی معنی کیا ہیں؟
(الف) اشارہ کرنا (ب) ادھار دینا
(ج) مانند قرار دینا (د) ہم شکل

۸۔ ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے
اس شعر میں کون سی اصطلاح استعمال ہوتی ہے؟
(الف) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) تلمیح (د) محاورہ

۹۔ ماں نے کہا: "میرا چاند سا بیٹا بڑا لائق ہے"۔ اس جملے میں کون سی ادبی اصطلاح استعمال ہوتی ہے؟
(الف) تلمیح (ب) استعارہ (ج) تشبیہ (د) مجازِ مرسل

۱۰۔ میرے چاند! اب بیٹھ کر سبق یاد کرو۔ اس جملے میں کون سی اصطلاح موجود ہے؟
(الف) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) تلمیح (د) محاورہ

۱۱۔ زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے.......... اس مصرعے میں کون سی ادبی اصطلاح ہے؟
(الف) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) تلمیح (د) کنایہ

۱۲۔ کسی شعر یا عبارت میں کسی مشہور واقعے یا قصے کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہتے ہیں؟

(الف) تلمیح (ب) استعارہ (ج) روزمرہ (د) تشبیہ

۱۳۔ پھول ہیں صحرا میں یا پریاں قطار اندر قطار

اس مصرعے میں کون سی ادبی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟

(الف) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) تلمیح (د) محاورہ

۱۴۔ کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے.......... اس مصرعے میں کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟

(الف) استعارہ (ب) تلمیح (ج) تشبیہ (د) محاورہ

۱۵۔ ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اس شعر میں کون سی ادبی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) تلمیح (د) محاورہ

۱۶۔ کیا کیا خضر نے سکندر سے اب کسے رہنما کرے کوئی

شعر میں موجود ادبی اصطلاح کون سی ہے؟

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) تلمیح (د) کنایہ

۱۷۔ جگنو کی روشنی ہے کاشانہ چمن میں یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں

اس شعر میں کون سی ادبی اصطلاح استعمال ہوتی ہے؟

(الف) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) تلمیح (د) کنایہ

۱۸۔ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

اس شعر میں کون سی ادبی اصطلاح موجود ہے؟

(الف) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) تلمیح (د) کنایہ

۱۹۔ پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو..... اس مصرعے میں کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟

(الف) استعارہ (ب) تلمیح (ج) تشبیہ (د) مجاز مرسل

۲۰۔ کسی شعر یا عبارت میں "طوفان نوح" مذکور ہو تو یہ کون سی اصطلاح ہوگی؟

(الف) استعارہ (ب) تشبیہ (ج) تلمیح (د) مجاز مرسل

۲۱۔ کسی شعر یا نثر میں "محمود و ایاز" کا ذکر ہو تو وہ ادبی اصطلاح میں کیا ہے؟

(الف) تشبیہ (ب) استعارہ (ج) محاورہ (د) تلمیح

۲۲۔ جس چیز سے تشبیہ دی جائے (مشبہ بہ) میں مشترک وصف مشبہ کی نسبت..........؟

(الف) کم ہوتا ہے (ب) زیادہ ہوتا ہے

(ج) مشبہ کے مساوی ہوتا ہے (د) نہیں ہوتا

۲۳۔ تشبیہ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھے

۲۴۔ طرفینِ تشبیہ کون سے دو ارکان ہیں؟

(الف) وجہ شبہ اور حرفِ تشبیہ (ب) حرفِ تشبیہ اور غرضِ تشبیہ

(ج) مشبہ اور مشبہ بہ (د) مشبہ اور حرفِ تشبیہ

۲۵۔ تشبیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) فارسی (ج) ترکی (د) ہندی

۲۶۔ استعارہ کے ارکان کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

۲۷۔ کون سے ارکان طرفینِ استعارہ کہلاتے ہیں؟

(الف) مستعار لہ اور وجہ جامع (ب) وجہ جامع اور مستعار منہ

(ج) مستعار لہ اور مستعار منہ (د) مستعار اور وجہ جامع

۲۸۔ پانی برف کی طرح ٹھنڈا ہے ...... اس جملے میں پانی تشبیہ کا کون سا رکن ہے؟

(الف) مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) وجہ شبہ (د) حرفِ تشبیہ

جوابات

۱۔ب	۲۔ج	۳۔الف	۴۔الف	۵۔الف
۶۔الف	۷۔الف	۸۔ب	۹۔ج	۱۰۔الف
۱۱۔ب	۱۲۔الف	۱۳۔ب	۱۴۔الف	۱۵۔ب
۱۶۔ج	۱۷۔ب	۱۸۔ب	۱۹۔الف	۲۰۔ج
۲۱۔د	۲۲۔ب	۲۳۔ج	۲۴۔ج	۲۵۔الف
۲۶۔ب	۲۷۔ج	۲۸۔الف		

مطلع، مقطع، ردیف، قافیہ

۱۔ مطلع کے لغوی معنی ہیں۔

(الف) ابتدا (ب) طلوع ہونے کی جگہ

(ج) غروب ہونے کی جگہ (د) انتہا

۲۔ مقطع کی بنیادی پہچان کیا ہے؟

(الف) قافیہ (ب) ردیف (ج) تخلص (د) تعلی

۳۔ قافیہ کی بنیادی شرط کیا ہے؟

(الف) ہم آواز الفاظ (ب) ہم شکل

(ج) ہم ردیف (د) ہم مرتبہ

۴۔ اصطلاحاً کون سا شعر غزل کا مقطع ہوتا ہے؟

(الف) پہلا (ب) آخری

(ج) آخری سے پہلا (د) دوسرا

۵۔ غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) ردیف (ب) قافیہ (ج) مقطع (د) مطلع

۶۔ مطلع کی ایک بنیادی پہچان ہے:

(الف) ردیف (ب) دونوں مصرعے ہم قافیہ و ہم ردیف

(ج) آخری شعر (د) تعلی

۷۔ اصطلاح میں مطلع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے؟

(الف) پہلا (ب) دوسرا (ج) تیسرا (د) آخری

۸۔ مقطع کے لفظی معنی ہیں:

(الف) خاتمہ (ب) کاٹنے کی جگہ (ج) اختتام (د) آخری شعر

۹۔ جس غزل میں ردیف ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) مردف (ب) غیر مردف (ج) بلا ردیف (د) ہم قافیہ

۱۰۔ غزل کے کس شعر میں تخلص ہو تو وہ مقطع کہلاتا ہے؟

(الف) پہلے (ب) دوسرے (ج) درمیانے (د) آخری

۱۱۔ مطلع کے دونوں مصرعے لازماً .... ہوتے ہیں۔

(الف) ہم ردیف (ب) مربوط (ج) ہم قافیہ و ہم ردیف (د) ہم قافیہ

۱۲۔ غزل اور قصیدے میں.........کا ہونا ضروری ہے۔
(الف) تخلص (ب) ردیف (ج) مطلع (د) مقطع

۱۳۔ غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہو کیا کہلاتا ہے؟
(الف) مطلع (ب) مقطع (ج) ردیف (د) قافیہ

۱۴۔ قافیہ کے لغوی معنی ہیں:
(الف) ہم آواز (ب) پیچھے آنے والے
(ج) ہم وزن (د) پچھلا سوار

۱۵۔ مطلع کے لیے دونوں مصرعوں کے ہم قافیہ ہونے کے علاوہ کیا شرط لازم ہے؟
(الف) دونوں مصرعے ہم ردیف (ب) تخلص
(ج) ہم ردیف و ہم قافیہ (د) غزل کا پہلا شعر ہو

۱۶۔ وہ لفظ یا الفاظ جو کسی غزل یا قصیدے کے شعروں کے آخر میں قافیے کے بعد بار بار آتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) قافیہ (ب) مطلع (ج) ردیف (د) مقطع

۱۷۔ غزل میں اگر ردیف نہ ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟
(الف) مردّف (ب) بے ردیف (ج) غیر مردف (د) خالی

۱۸۔ اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا
اس شعر میں قافیہ کیا ہے؟
(الف) ذرا، فزا (ب) نہیں (ج) نہیں ہوتا (د) ذرا نہیں ہوتا

۱۹۔ ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی
اس شعر میں ردیف کیا ہے؟
(الف) ابن مریم (ب) ہوا، دوا (ج) کرے (د) کرے کوئی

۲۰۔ وہ ہم آواز الفاظ جو کسی شعر میں ردیف سے پہلے آتے ہیں کیا کہلاتے ہیں؟
(الف) مطلع (ب) مقطع (ج) ردیف (د) قافیہ

۲۱۔ قافیہ مطلع کے دونوں مصرعوں کے علاوہ کہاں آتا ہے؟
(الف) ہر شعر کے دوسرے مصرعے میں (ب) مقطع کے دونوں مصرعوں میں
(ج) ہر ایک مصرعے میں (د) دوسرے شعر کے دونوں مصرعوں میں

۲۲۔ مقطع غزل کا کون سا شعر ہوتا ہے؟
(الف) پہلا (ب) دوسرا (ج) آخری (د) درمیانہ

۲۳۔ غزل میں موسیقی اور ترنم کی وجہ .... ہے۔

(الف) ردیف (ب) قافیہ (ج) مطلع (د) مقطع

۲۴۔ نہیں کھیل اے داغؔ یاروں سے کہہ دو کہ آتی ہے اردو زبان آتے آتے

شعری اصطلاح میں یہ کیا ہے؟

(الف) مطلع (ب) مقطع (ج) ردیف (د) قافیہ

۲۵۔ یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے

شعری اصطلاح میں اسے کیا کہیں گے؟

(الف) مطلع (ب) ردیف (ج) مقطع (د) قافیہ

۲۶۔ اصطلاح میں ان ہم آواز الفاظ کو کیا کہتے ہیں جو غزل یا قصیدے کے مطلع کے دونوں مصرعوں میں آتے ہیں؟

(الف) ردیف (ب) قافیہ (ج) مطلع (د) مقطع

۲۷۔ ردیف کے لغوی معنی ہیں

(الف) اشارہ کرنا (ب) پیچھے آنا

(ج) گھڑسوار کے پیچھے بیٹھنے والا (د) ادھار لینا

۲۸۔ آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا اس مصرعے میں کون سی ادبی اصطلاح موجود ہے؟

(الف) ردیف (ب) استعارہ (ج) تشبیہ (د) تلمیح

۲۹۔ استعارہ کی تعریف ہے

(الف) ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند کہنا (ب) ایک چیز کو ہو بہو دوسری چیز کہنا

(ج) کسی قصے یا روایت کی طرف اشارہ کرنا (د) تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہونا

۳۰۔ تلمیح کی تعریف ہے

(الف) ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند کہنا (ب) ایک چیز کو ہو بہو دوسری چیز کہنا

(ج) کسی قصے یا روایت کی طرف اشارہ کرنا (د) تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہونا

۳۱۔ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے اس شعر میں تشبیہ دی گئی ہے

(الف) لب کو گلاب سے (ب) لب کو پنکھڑی سے

(ج) لب کو نازکی سے (د) پنکھڑی کو لب سے

۳۲۔ نازکی اس کے لب کی کیا کہیے پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے اس شعر میں مشبہ ہے

(الف) نازکی (ب) گلاب (ج) پنکھڑی (د) لب

۳۳۔ پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے اس مصرعے میں ''سی'' کیا ہے؟

(الف) مشبہ (ب) مشبہ بہ (ج) وجہ شبہ (د) حرف تشبیہ

۳۴۔ تشبیہ کی مثال ہے

(الف) بلال شیر کی طرح بہادر ہے　(ب) بلا شیر ہے

(ج) روح بلالی نہ رہی　(د) بلال مصنف ہے

۳۵۔ استعارہ کی مثال ہے

(الف) بلال شیر کی طرح بہادر ہے　(ب) بلا شیر ہے

(ج) روح بلالی نہ رہی　(د) بلال مصنف ہے

۳۶۔ تلمیح کی مثال ہے

(الف) بلال شیر کی طرح بہادر ہے　(ب) بلا شیر ہے

(ج) روح بلالی نہ رہی　(د) بلال مصنف ہے

۳۷۔ طرفین استعارہ کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

(الف) پانچ　(ب) چار　(ج) تین　(د) دو

۳۸۔ طرفین تشبیہ کی تعداد کتنی ہوتی ہے؟

(الف) دو　(ب) تین　(ج) چار　(د) پانچ

۳۹۔ بزم عدو میں صورت پروانہ دل مرا　اس مصرعے میں مشبہ کیا ہے؟

(الف) دل　(ب) بزم　(ج) پروانہ　(د) صورت

۴۰۔ اس مصرعے میں "صورت" کیا ہے؟

(الف) مشبہ　(ب) مشبہ بہ　(ج) وجہ شبہ　(د) حرف تشبیہ

۴۱۔ زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے　اس مصرعے میں وجہ شبہ کیا ہے؟

(الف) زندگی　(ب) طوفان　(ج) یا　(د) طوفانی کیفیت

۴۲۔ تلمیح کی نشان دہی کریں۔

(الف) چاند چہرہ　(ب) چاند کی طرح حسین

(ج) ابن مریم　(د) کوہ ندا

جوابات

۱۔ب	۲۔ج	۳۔الف	۴۔ب
۵۔د	۶۔ب	۷۔الف	۸۔ب
۹۔الف	۱۰۔الف	۱۱۔د	۱۲۔ج
۱۳۔ب	۱۴۔ب	۱۵۔د	۱۶۔ج
۱۷۔ج	۱۸۔الف	۱۹۔د	۲۰۔د

۲۱۔الف	۲۲۔ج	۲۳۔الف	۲۴۔ب
۲۵۔الف	۲۶۔ب	۲۷۔ج	۲۸۔د
۲۹۔ب	۳۰۔ج	۳۱۔ب	۳۲۔د
۳۳۔د	۳۴۔الف	۳۵۔ب	۳۶۔ج
۳۷۔د	۳۸۔الف	۳۹۔الف	۴۰۔د
۴۱۔د	۴۲۔ج		

تذکیر و تانیث

درج ذیل مذکر اور مؤنث الفاظ کو دو چار بار غور سے پڑھ لیں۔ اگر ان الفاظ کی تذکیر و تانیث میں غلطی نہ ہوئی تو آپ ان شاء اللہ کامیاب رہیں گے۔

مذکر: اخبار، انتظار، ارتقا، انس، املا، تار، تاش، تپ، ٹکٹ، مرض، تارکول، زہر، خواب، گیہوں، غار، قلم، قمیض، دہی، کرتوت، ٹب، پتنگ، ہوش، درد، علاج، قبض، جھاگ، لفت، گوند، میل، موم، موز، فوٹو، حلف۔

مؤنث: بائیسکل، اودھم، گھاس، ناک، گنبد، حیا، نماز، راہ، اردو، زعفران، پیاز، تکیل، ترازو، کیچڑ، ناک، جامن، پتنگ، بھوک، میز، جھاڑو، تپ، بکواس، آب و ہوا، توبہ۔

ذومعنی الفاظ

کچھ الفاظ معنی کے لحاظ سے مذکر یا مؤنث سمجھے جاتے ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں:

آب۔ بہ معنی پانی مذکر ہوگا اور آب بہ معنی چمک مؤنث

بار۔ بوجھ مذکر بار۔ دفعہ (تیسری بار……) مؤنث

تکرار (اعادہ) مذکر تکرار (جھگڑا) مؤنث

چاہ (کنواں) مذکر چاہ (چاہت، محبت) مؤنث

قلم (آلہ تحریر) مذکر قلم (پودے کا حصہ) مؤنث

کان (عضو بدن) مذکر کان (معدنیات کی جگہ) مؤنث

عرض (چوڑائی) مذکر عرض (گزارش) مؤنث

اسی طرح لگن، بحر، مہر، گرز، دار، کہف، میان اور آہنگ ذومعنی الفاظ ہیں اور معنوں کے لحاظ سے مذکر یا مؤنث گنے جاتے ہیں۔

۱۔ یہ .... فوٹو ہے۔
(الف) میرا (ب) میری (ج) میرے (د) مجھے — (الف)

۲۔ روزنامہ "جنگ" کراچی سے شائع .... ہے۔
(الف) ہوتا (ب) ہوتی (ج) ہوتے (د) ہووے — (الف)

۳۔ مجھے اُردو نہیں ....
(الف) آتا (ب) آتی (ج) آتے (د) آؤ — (ب)

۴۔ سڑک پر تارکول ....
(الف) ڈالی گئی (ب) ڈالا گیا (ج) ڈالی گئیں (د) ڈالی گئے — (ب)

۵۔ فاخرہ نے تاش ....
(الف) خریدی (ب) خریدے (ج) خریدیں (د) خریدا — (د)

۶۔ یہ کس .... میز ہے؟
(الف) کے (ب) کی (ج) کا (د) کو — (ب)

۷۔ سنگاپور سے تار .... ہے۔
(الف) آئی (ب) آئے (ج) آیا (د) آوے — (ج)

۸۔ اس لفظ .... املا درست نہیں۔
(الف) کا (ب) کی (ج) کو (د) کے — (الف)

۹۔ علاج سے مرض بگڑ ....۔
(الف) گئی (ب) گئے (ج) گیا (د) گئیں — (ج)

۱۰۔ یہ .... قلم ہے۔
(الف) میرا (ب) میری (ج) میرے (د) مجھے — (الف)

۱۱۔ یہ گلاب .... قلم ہے۔
(الف) کا (ب) کی (ج) کو (د) کے — (ب)

۱۲۔ میں نے رات ایک خواب ....۔
(الف) دیکھا (ب) دیکھی (ج) دیکھو (د) دیکھیں — (الف)

۱۳۔ دوا کھانے سے قبض ....
(الف) جاتا رہا (ب) جاتے رہے (ج) جاتی رہی (د) جاوے — (الف)

۱۴۔ دس روپے .... دہی لاؤ۔
(الف) کی (ب) کو (ج) کا (د) کے — (ج)